سوال

(253)الکحل والے پرفیوم لگانا

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

کیا مسلمانوں کے لئے الکحل والے پرفیوم لگانا جائز نہیں ہے ؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ
الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

اگر تحقیق سے یہ معلوم ہوجائے کہ اس پرفیوم یا اسپرے ، اور صابن وغیرہ میں الکحل استعمال ہوا ہے اور الکحل بھی وہ جو انگور یا کھجور سے کشید کیا گیا ہے تو ایسے پرفیومز اور اسپرے وغیرہ کا استعمال جائز نہیں تاہم اگر یہ ثابت نہ ہوسکے تو اسکے استعمال کی گنجائش ہے کیونکہ عام طور پر بازار میں جو پرفیومز اور اسپرے وغیرہ ملتے ہیں انمیں استعمال ہونے والا الکحل انگوریا کھجور سے کشید نہیں کیا گیا ہوتا ، بلکہ ایک کیمیکل ہوتا ہے ، اسلئے وہ ناپاک نہیں اور انہیں استعمال کیا جا سکتا ہے

ھذا ما عندی واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ ثنائیہ

جلد2